تعارف

عام طور پر شے کی قیمت کا تعین مانگ اور سپلائی (رسد) کی بازار قوتوں کے ذریعہ ہوتا ہے۔لیکن اس طرح متعین قیمت بہت زیادہ اونچی ہوسکتی ہے جس سے غریب صارفین اس قیمت کے خریدنے کے متحمل نہیں ہوسکتے یا قیمتیں اتنی کم ہوسکتی ہیں کہ پیداکار پیداوار کی اپنی لاگت بھی نکال نہیں پاتے۔ایسی صورت حال میں حکومت مداخلت کرتی ہے۔ایسی اشیا کی قیمت مقرر کرتی ہے جو یا توازنی قیمت کے نیچے ہوتی ہے یا توازنی قیمت کے اوپر جو بھی معاملہ ہو۔

فرہنگ اصطلاحات

کنٹرول قیمت (Control price) : حکومت کے ذریعہ مقرر کردہ شے کی زیادہ سے زیادہ قیمت صارفین کے مفادات کے تحفظ کے لیے ہوتی ہے۔

امدادی قیمت (Support price) : حکومت کے ذریعہ مقرر کردہ شے کی کم سے کم قیمت پیداکاروں خاص طور پر کسانوں کے مفادات کے تحفظ کے لیے ہوتی ہے۔

علامتی قیمت (Token price) : وہ قیمت جو پیداوار کی لاگت سے کم مقرر کی جاتی ہے۔

دوہری قیمت (Dual price) : جب شے کی پیداوار کا ایک حصہ کنٹرول قیمت پر اور باقی حصہ رائج بازار قیمت فروخت کیا جاتا ہے۔

راشنگ (Rationing) : فی کس اکائی وقت شے کا کوٹہ مقرر کرنا۔

کالا بازاری (Black Marketing) : ایک ایسی صورت حال جس میں فروخت کار کسی شے کی قیمت غیر قانونی طور پر کنٹرول قیمت اور بازار قیمت سے کہیں زیادہ لگاتا ہے۔

عوامی تقسیم نظام (Public Distributation System): ایک نظام جس میں ضروری اشیا معقول قیمت والی دکانوں (Fair price shop) کے ذریعہ سستی شرح پر عام لوگوں کے ذریعہ دستیاب کرائی جاتی ہیں۔

امدادی رقم (Subsidy) : حکومت کے ذریعہ مقرر کردہ قیمت پر شے و فروخت کرنے کے لیے پیداکاروں کو حکومت کے ذریعہ دی جانے والی مالی امداد۔

- کبھی کبھی صارفین یا پیداکاروں کے مفادات کے تحفظ کے لیے قیمت اور مقدار کے تعین میں حکومت مانگ اور سپلائی کی قوتوں کو آزادانہ کردار نبھانے کی اجازت نہیں دیتی۔ایسی صورت حال میں حکومت مداخلت کرتی ہے اور توازنی قیمت سے اوپر کی قیمت مقرر کرتی ہے۔ایسی قیمت

کو منضبط قیمت (administered price) کہا جاتا ہے۔ یہ درج ذیل شکل میں ہوسکتی ہے:

1۔ کنٹرول قیمت

- صارفین کے مفاد کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے حکومت شے کی زیادہ قیمت مقرر کرتی ہے۔ یہ زیادہ سے زیادہ قیمت عموماً توازنی قیمت سے کم ہوتی ہے۔ اسے کنٹرول قیمت یا بالائی قیمت کہا جاتا ہے۔ اس سے شے کی مانگ میں زیادتی پیدا ہوسکتی ہے۔ ہندوستان میں حکومت بعض ضروری اشیا جیسے گیہوں، چاول، چینی، مٹی کا تیل وغیرہ کی کنٹرول قیمت یا بالائی قیمت (Ceiling price) مقرر کرتی ہے۔ کنٹرول قیمت پر مانگ کی زیادتی کے سبب حکومت راشنگ کرسکتی ہے۔ کبھی کبھی اس کے نتیجے میں کالا بازاری پیدا ہوجاتی ہے۔
- راشنگ کا مطلب ہے فی کس اکائی کوٹہ مقرر کرنا۔
- کالا بازاری ایک ایسی صورت حال ہے جس میں فروخت کار غیر قانونی طور پر وہ قیمت لگاتا ہے جو کنٹرول قیمت سے بہت زیادہ ہوتی ہے۔

2۔ امدادی قیمت

- پیداکاروں خاص طور پر کسانوں کے مفاد کے تحفظ کے لیے حکومت شے کی کم سے کم قیمت مقرر کرتی ہے جو عام طور پر توازنی قیمت سے زیادہ ہووتی ہے۔ اسے امدادی قیمت کہا جاتا ہے۔ اس سے شے کی زائد سپلائی کی صورت پیدا ہوسکتی ہے۔ امدادی قیمت زرعی اشیا کے معاملے میں رکھی جاتی ہے۔
- امدادی قیمت کے نظام سے کسانوں کے لیے یہ یقینی ہوجاتا ہے کہ وہ اپنے پروڈکٹ کو سے کم اس قیمت پر فروخت کرنے کے اہل ہوں گے۔
- امدادی قیمت پر حکومت شے کے بغیر اسٹاک کے لیے شے کی کسی مقدار کی خریداری کے لیے تیار ہوتی ہے۔

3۔ علامتی قیمت

- علامتی قیمت وہ قیمت ہوتی ہے جو بہت نیچے ہوتی ہے حتیٰ کہ یہ پیداوار کی فی اکائی لاگت سے بھی بہت کم ہوتی ہے۔ یہ لازمی خدمات کے معاملے میں انجام دی جاتی ہے۔ رائج بازار قیمت پر غریب لوگ ان خدمات کا استعمال کرنے کے اہل نہیں ہوتے۔ حکومتی اسکولوں میں حکومت کے ذریعہ لگائی جانے والی ٹیوشن فیس فی طالب علم ہونے والی لاگت سے بہت نیچے ہوتی ہے۔
- علامتی قیمت ان اشیا کے فضول استعمال کو روکنے کے لیے لگائی جاتی ہے ورنہ یہ خدمات مفت بھی دستیاب ہوسکتی ہیں۔

4۔ دوہری قیمت

- دوہری قیمت کی پالیسی کے تحت شے کی پیداوار کا ایک حصہ مناسب قیمت کی دوکانوں کے ذریعہ کنٹرول قیمت پر فروخت کی جاتی ہے اور باقی حصہ رائج بازار قیمت پر فروخت کی جاتی ہے۔ جس کا تعین مانگ اور سپلائی کی قوتوں کے ذریعہ ہوتا ہے۔

بازار قیمت پر ٹیکسوں اور امدادی رقم کا اثر

- ایکسائز ڈیوٹی، سیلز ٹیکس اور امپورٹ ڈیوٹی وغیرہ کی شکل میں حکومت کے ذریعہ لگائے جانے والے ٹیکس اشیا کی بازار قیمت بڑھا دیتے ہیں۔

عوامی تقسیم نظام (PDS)

- عوامی تقسیم نظام کے تحت ضروری اشیا جیسے گیہوں، چاوں، چینی وغیرہ مناسب قیمت کی دوکانوں کے ذریعہ سستی شرح پر عام لوگوں کے لیے دستیاب کرائی جاتی ہیں۔
- حکومت عوامی تقسیم نظام کے ذریعہ فروخت اشیا پر امدادی رقم (سبسڈی) دیتی ہے۔ اس طرح اشیا کی قیمتیں کم سے کم ہوتی ہیں۔
- ہر گھر مناسب قیمت کی دوکانوں سے فیملی میں افراد کی تعداد کے لحاظ

سے شے کی مقررہ مقدار خرید سکتا ہے۔

- حکومت مناسب قیمت کی دوکانوں کے ذریعہ ان اشیا کو فروخت کرتی ہے جو ملک کے تمام حصوں میں کھولی جاتی ہیں۔

خود قدر شناسی کیجیے

1۔ منضبط (administered price) قیمت کیا ہے؟

2۔ حکومت کے ذریعہ مقرر کردہ کنٹرول قیمت توازنی قیمت سے نیچے کیوں ہوتی ہے؟

3۔ حکومت کے ذریعہ امدادی قیمت توازنی قیمت کے اوپر کیوں مقرر کی جاتی ہے؟

4۔ علامتی قیمت کا کیا مقصد ہے؟

5۔ دوہری قیمت نظام کا کیا مطلب ہے؟

6۔ ٹیکسوں اور سبسڈی کے ذریعہ شے کی بازار قیمت پر پڑنے والے اثرات کی وضاحت کیجیے۔